کتب خانہ سرکاری

SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵۴	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ رمضان المبارک ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۷ ستمبر ۱۹۴۱ء	نمبر ۳۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری الاؤنس کارکردگی عالیجاہ مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری	۲
۲	منظوری ترقی الطاف حسین خاں سکنڈ لفٹنٹ بعہدہ لفٹنٹ	۲
۳	” اضافہ گریڈ صاحب سکریٹری تہنا اسٹیٹ کونسل	۳
۴	منظوری پنشن شمس النساء بیگم بیوہ سپاہی حشمت علی متوفی	۴
۵	” تعین مدت اضافہ گریڈ برائے ملازمان تعمیرات	”
۶	” تبدیلی صوبیدار شفیع اللہ خاں آمدہ از فیلڈ بہ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری	”

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری اضافہ گریڈ صاحب ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ	۵
۲	منظوری مستقلی صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری مع اضافہ گریڈ	”
۳	منظوری اضافہ گریڈ ڈاکٹر شوکت اللہ خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن	۵

< مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور >

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم نمبر رمسوری ۱ واقع ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین انصاری صاحب بہادر کو ایک سو ساٹھ روپیہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی اور چالیس روپیہ ماہانہ موٹر الاؤنس دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — برسانند

بحکم اجلاس ہمایوں معدورہ ۱۱ مئی سنہ ۱۹۳۱ء بسلسلہ رخصت ایک ماہ عالیمرتبت مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر چیف جسٹس زمانۂ رخصت مذکور میں عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین انصاری صاحب بہادر جونیر جج کو کام کا ذمہ دار فرمایا گیا تھا۔ چنانچہ صاحب موصوف نے ۱۲ اگست سنہ ۱۹۳۱ء سے عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کا کام انجام دیا۔ اور الاؤنس کارکردگی وموٹر الاؤنس عطا فرمائے جانے کی درخواست کی تھی جس پر صیغۂ فائنانس نے زمانۂ رخصت میں الاؤنس قائم مقامی بحساب مبلغ ایکسو ساٹھ روپیہ ماہانہ (آٹھ سو روپیہ کا پانچواں حصہ) عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین انصاری صاحب بہادر کو دیے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ اور رپورٹ میں لکھا ہے کہ ادائیگی بچت مشاہرات [illegible] موجودہ سے ہوگی۔ سال گذشتہ بھی اسیقدر الاؤنس ملا تھا۔ نیز یہ کہ عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کو جو [illegible] روپیہ ماہوار موٹر الاؤنس ملتا ہے۔ وہ زمانۂ رخصت میں صاحب موصوف کو نہیں ملیگا۔ بلکہ عالی مرتبت مسٹر جسٹس معین الدین انصاری صاحب بہادر کو ادا ہوگا۔

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں ترتیباً مستدعی ہے کہ حسب صراحت معروضۂ بالا منظوری عطائے الاؤنس کارکردگی وموٹر الاؤنس کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

زیبندہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

حکم نمبر رمسوری ۱ واقع ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ سیکنڈ لفٹننٹ الطاف حسین خاں ٹریننگ کمپنی کو ۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء سے لفٹننٹ رینک پر ترقی دیجانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — برسانند

سیکنڈ لفٹننٹ الطاف حسین خاں صاحب ٹریننگ کمپنی کو ۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء کو سیکنڈ لفٹننٹ رینک پر ترقی عطا فرمائی گئی تھی۔ ۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء کو اس رینک پر پورے دو سال ہوگئے۔ بموجب اسٹینڈنگ آرڈر سیکنڈ لفٹننٹ الطاف حسین خاں صاحب ۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء سے لفٹننٹ رینک پ

ترقی پانے کے مستحق ہیں۔ جینڈ فائنانس کو اس سے اتفاق ہے۔ ترجمہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

ترجمہ دستخط عالیمرتبت صاحب لٹیری سکرٹری بہادر
معروضہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۱ء

حکم (مسودہ) واقع ۲۰ ستمبر ۱۹۳۱ء

ترجمہ عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ (منظور شدہ بجٹ) بتنخواہ مسٹر مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بہادر سکریٹری اسٹیٹ کونسل از تاریخ استحقاق ۱۰ ستمبر ۱۹۳۱ء حسب تصدیق جینڈ فائنانس

حکم

بموجب رپورٹ۔ مسٹر مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بہادر سکریٹری اسٹیٹ کونسل کے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ کی ۱۰ ستمبر ۱۹۳۱ء سے منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم (مسودہ) واقع ۲۰ ستمبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ فیلڈ سروس انجام دینے والے ملازمان فوج کو پنشن مطابق انڈین آرمی پنشن ریگولیشن دیجانا منظور ہے۔ مسماۃ صغرا بیگم بیوہ سپاہی حشمت علی متوفی کی آٹھ روپیہ ماہوار مستقل پنشن ۱۹ اپریل ۱۹۳۱ء سے مقرر کیجانا منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

(۱) ۱۳۲ سپاہی شیخ حشمت علی ملازم فرسٹ رام پور رضا انفنٹری ۱۹ اپریل ۱۹۳۱ء کو فیلڈ پر گولی سے زخمی ہو کر ہلاک ہو گیا۔ متوفی کی بیوہ مسماۃ صغرا بیگم پنشن وراثت پانے کی مستحق ہے۔ لیکن ریاست کے موجودہ قانون پنشن میں اس کے لئے کوئی دفعہ نہیں ہے

فیلڈ سروس پر جانے والے ملازمان فوج کو انڈین آرمی اسکیل پر تنخواہ دیجاتی ہے۔ بنا بریں عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی رائے ہے کہ فیلڈ سروس انجام دینے والے ملازمین فوج کو پنشن بھی مطابق انڈین آرمی پنشن ریگولیشن دیجائے۔

لہذا عرضداشت ہذا حضور پرنور میں پیش کر کے ترجمہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری ضابطہ پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

(۲) انڈین آرمی پنشن ریگولیشن کی دفعات ۳۹۱ و ۴۰۱ کے تحت مسماۃ صغرا بیگم بیوہ سپاہی شیخ حشمت علی متوفی کو مبلغ آٹھ روپیہ ماہوار پنشن پانیکا استحقاق ہے جینڈ فائنانس کو مبلغ آٹھ روپیہ ماہوار مستقل پنشن ۱۹ اپریل ۱۹۳۱ء سے دیئے جانے سے اتفاق ہے۔

بنا بریں ترجمہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

ترجمہ دستخط عالیمرتبت صاحب لٹیری سکرٹری بہادر
معروضہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۱ء

حکم :- (سوری) واقع ۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ محکمۂ تعمیرات کے سب اوورسیران انجن ڈرائیوران ۔ فائرمین اور کلینران کی مدت اضافۂ گریڈ پانچ سال مقرر کیجانا منظور ہے۔ اس مدت کا شمار مثل دیگر ملازمان کے یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء ہوگا۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر نمبر ۲۷۵

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

محکمۂ تعمیرات کے سب اوورسیران ۔ انجن ڈرائیوران فائرمین۔ اور کلینران کے گریڈ بحکم اجلاس ہمایوں معدودہ ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء منظور ہوچکے ہیں لیکن گریڈ اسکیم میں اس امر کی صراحت نہیں ہے کہ کتنی مدت کے بعد گریڈ کا اضافہ دیا جائیگا۔ قبل ازیں ایسے عہدوں کے لئے پانچ سال کی مدت ترقی گریڈ کے لئے منظور ہوچکی ہے۔ لہٰذا ترقیخواہ کی تجویز ہے کہ محکمۂ تعمیرات کے سب اوورسیران۔ انجن ڈرائیوران ۔ فائرمین ۔ اور کلینران کی مدت اضافہ گریڈ پانچ سال مقرر فرمائی جائے۔ اور اس مدت کا حساب مثل دیگر ملازمان کے یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے شمار کیا جائے یعنی کہ ملازمان متعلق کو پہلا اضافۂ گریڈ یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے دیا جاسکے۔ بتجویز مذکورہ سے صیغۂ فائنانس کو اتفاق ہے۔ اور اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء میں تجویز معروضۂ بالا سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہٰذا ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

بدستخط عالیجناب [illegible] صاحب فنانس منسٹر بہادر
معروضہ ۱۶ ستمبر ۱۹۲۱ء

حکم :- (سوری) واقع ۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ صوبہ دار شفیع اللہ خاں کو تاریخ واپسی فیلڈ سے سکندر امپور مرتضیٰ انفنٹری میں تبدیل کیا جانا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

صوبہ دار شفیع اللہ خاں صاحب ۱۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء کو فیلڈ سے واپس آئے ہیں۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ تاریخ واپسی سے ان کو سکندر امپور مرتضیٰ انفنٹری میں تبدیل کئے جانیکی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

بدستخط عالیجناب صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
معروضہ ۱۶ ستمبر ۱۹۲۱ء

آرڈرزان کونسل۔ رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۲۷۷ :- واقع ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ تنخواہ منشی محمد اسلم خاں صاحب اڈیشنل چیف مجسٹریٹ از یکم اکتوبر ۱۹۲۱ء پیش ہوئی صیغہ فائنانس نے استحقاق اضافہ کی تصدیق کردی ہے اور رقم اضافہ بجٹ میں مہیا ہو چکی ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز منشی محمد اسلم خاں صاحب اڈیشنل چیف مجسٹریٹ کی موجودہ تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ از یکم اکتوبر ۱۹۲۱ء منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

....

آرڈر نمبر ۲۷۸ :- واقع ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ پولیس و آبکاری کی تجویز بدین خلاصہ پیش ہوئی کہ صاحبزادہ عبدالعزیز خاں بہادر سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی مدت امتحانی دو سال ۱۵ ر اگست ۱۹۲۱ء کو ختم ہوگئی۔ انکی خدمات قابل اطمینان ہیں۔ لہذا ۱۶ ر اگست ۱۹۲۱ء سے ان کو مستقل فرمایا جائے۔ اور تاریخ مستقلی سے ان کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ بموجب حکم ہمایوں مصدرہ ۸ ر اگست ۱۹۳۸ء منظور فرمایا جائے۔

اس تجویز سے صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔

طے پایا کہ

حسب تجویز۔ صاحبزادہ عبدالعزیز خاں بہادر سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو ۱۶ ر اگست ۱۹۲۱ء سے عہدہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری پر مستقل کیا جانا اور تاریخ مستقلی سے انکی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ دیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

....

آرڈر نمبر ۲۷۹ :- واقع ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۲ ر ستمبر ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری اضافہ گریڈ دس روپیہ ماہانہ تنخواہ ڈاکٹر شوکت خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن از یکم ستمبر ۱۹۲۱ء پیش ہوئی صیغہ فائنانس نے استحقاق اضافہ کی تصدیق کردی ہے بجٹ ۲۲-۱۹۲۱ء میں رقم اضافہ مہیا ہو چکی ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز۔ ڈاکٹر شوکت الحسن خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن کی موجودہ تنخواہ میں یکم ستمبر ۱۹۲۱ء سے دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل